# تِیمُتھِیُس
# کے نام پَولُس ؔ کا دُوسرا خط

1 پَولُسؔ کی جانِب سے جو اُس زندگی کے وعدہ کے مُطابق جو
المسیح یِسوعؔ میں ہے، خُدا کی مرضی سے المسیح یِسوعؔ کے رسول
ہیں،
2 پیارے بیٹے تِیمُتھِیُس کے نام خط:
خُدا باپ اَور ہمارے المسیح یِسوعؔ کی طرف سے تُمھیں فضل،
رحم اَور سلامتی حاصل ہوتی رہے۔

## شُکر گُزاری اَور حوصلہ اَفزائی

3 جِس خُدا کی عبادت میں اَپنے باپ دادا کی طرح صَاف دِلی سے
کرتا ہُوں، اُسی کا شُکر اَدا کرتا ہُوں کہ مَیں تُجھے رات دِن اَپنی دعاؤں
میں ہمیشہ یاد کرتا ہُوں۔
4 اَور تمھارے آنسُوؤں کو یاد کرکے، میں تُم سے مِلنے کا آرزُومند
ہُوں تاکہ تُم سے مِل کر خُوشی سے بھر جاؤں۔
5 مُجھے تیرا وہ سچّا ایمان یاد آتا ہے جو پہلے تیری نانی لُوئِسؔ اَور تیری
ماں یُونیکےؔ کا تھا اَور مُجھے یقین ہے کہ وُہی ایمان تیرا بھی ہے۔

## پَولُسؔ اَور انجیل واسطے وفاداری کی اپیل

6 اِسی سبب سے مَیں تُجھے یاد دِلاتا ہُوں کہ خُدا کی اُس رُوحانی
نِعمت کے شُعلہ کو پھر سے اَپنے اَندر بھڑکا دے جو میرے ہاتھ رکھنے
کی برکت سے تُجھے حاصل ہُوئی ہے۔
7 کیونکہ خُدا نے ہمیں بُزدلی کی رُوح نہیں بَلکہ قُوّت، مَحَبّت اَور
خُود نظم و ضَبط رکھنے کی رُوح عطا فرمائی ہے۔
8 پس تُو ہمارے خُداوؔند کی گواہی دینے سے اَور مُجھ سے جو اُس
کا قَیدی ہُوں شرم نہ کر بَلکہ جَیسے میں خُوشخبری کی خاطِر دُکھ اُٹھاتا
ہُوں، وَیسے تُو بھی خُدا کی دی ہوئی قُدرت کے مُطابق انجیل کی خاطِر
میرے ساتھ دُکھ اُٹھا۔
9 کیونکہ خُدا نے ہمیں نَجات بخشی اَور پاکیزہ زندگی گُزارنے کے
لئے بُلایا ہے۔ یہ ہمارے اعمال کے سبب سے نہیں تھا بَلکہ اُس کے
اَپنے خاص مقصد اَور اُس فضل کے مُوافق ہُوا تھا جو ہم پر المسیح
یِسوعؔ میں اَزل ہی سے ہو چُکاتھا۔
10 مگر اَب ہمارے مُنجّی المسیح یِسوعؔ کی آمد سے ظاہر ہُواہے جِس
نے موت کو نِیست کر دیا اَور خُوشخبری کے ذریعہ زندگی کو رَوشن
کر دیا۔
11 اِسی خُوشخبری کے لئے خُدا نے مُجھے مُنّاد، رسول اَور اُستاد مُقرّر
کیا ہے۔
12 اِسی وجہ سے میں دُکھ اُٹھا رہا ہُوں اَور دُکھ اُٹھانے سے شرمندہ
نہیں ہُوں، کیونکہ جِس پر مَیں نے یقین کیا ہے، اُسے جانتا ہُوں اَور
مُجھے پُورا یقین ہے کہ وہ میری اَمانت کو عدالت کے دِن تک محفوظ
رکھنے کے قابل ہے۔

13 اَب تُو اُن صحیح تعلیمات کو جو تُو نے مُجھ سے سُنی ھیں، اُسے
اُس ایمان اَور مَحَبّت کے ساتھ جو المسیح یِسوعؔ میں ھے، اَپنا نمونہ بنائے
رکھ۔
14 اَور پاک رُوح کی مدد سے جو ھم میں بسا ھُوا ھے اُس اَمانت کو
سنبھال کر رکھ جو تیرے سُپرد کی گئی ھے۔

## بےوفائی اَور وفاداری کی مثالیں

15 تُو جانتا ھے کہ صُوبہ آسیہؔ میں سَب لوگوں نے مُجھ سے مُنہ موڑ
لیا ھے۔ اُن میں فُوگلُسؔ اَور ھرمُگنِیسؔ بھی ھیں۔
16 اُنِیسفُرس کے گھرانے پر خُداوؔند کی رحمت ھو کیونکہ اُس نے
کئی دفعہ مُجھے تازہ دَم کیا اَور میری قَید کی زنجیروں سے شرمندہ نہ
ھُوا۔
17 بَلکہ جَب وہ رُوم شہر میں آیا تو بہت کوشش سے تلاش کرکے
مُجھ سے مِلا۔
18 خُداوؔند قیامت کے دِن اُس پر رحم کرے! تُمھیں خُوب مَعلُوم
ھے کہ اُنِیسفُرس نے اِفسُسؔ شہر میں میرے لِئے کیا کیا خدمتیں اَنجام
دیں۔

# 2

## دوبارہ درخواست کرنا

1 پس اَے میرے فرزند! تُم اُس فضل سے جو المسیح یِسوعؔ میں ھے،
مضبُوط بَن جا۔

2 اَورجو باتیں تُونے بہت سے گواھوں کی مَوجُودگی میں مُجھ سے
سُنی ھیں، اُنہیں اَیسے وفادار لوگوں کے سُپرد کرجو دُوسروں کو بھی
سِکھانے کے قابل ھوں۔
3 المسیح یِسوعؔ کے اَچھّے سپاھی کی طرح میرے ساتھ دُکھ اُٹھا۔
4 کوئی بھی سپاھی میدانِ جنگ میں خُود کو روزمرّہ کے مُعاملوں
میں نہیں پھنساتا کیونکه وہ ایک فَوجی کے ناطه اَپنے بھرتی کرنے والے
کو خُوش کرنا چاھتا ھے۔
5 اُسی طرح دنگل میں مُقابله کرنے والا اگر کوئی پہلوان مُقرّرہ
قاعدوں کے مُطابق مُقابله نہیں کرتا تو وہ فتح کا سِہرا نہیں پاتا۔
6 جو کِسان سخت محنت کرتا ھے، پہلے اُسی کو پیداوار کا حِصّه مِلنا
چاھئے۔
7 جو میں کھتا ھُوں اُس پر غور کر، کیونکه خُداوؔند تُجھے اِن سَب
باتوں کی سمجھ عطا کرے گا۔
8 یِسوعؔ المسیح کو یاد رکھ جو مُردوں میں سے جی اُٹھے، جو حضرت
داوِؔید کی نَسل سے ھیں۔ میں اِسی خُوشخبری کی مُنادی کرتا ھُوں،
9 اِسی خُوشخبری کے لِئے میں مُجرم کی طرح دُکھ اُٹھاتا اَور زنجیروں
سے جکڑا ھُوا ھُوں۔ لیکن خُدا کا کلام قَید نہیں ھے۔
10 چنانچه مَیں خُدا کے مُنتخب لوگوں کی خاطِر، سَب کُچھ برداشت
کرتا ھُوں تا که وہ بھی اُس نَجات کو جو المسیح یِسوعؔ کے ذریعه ملتی
ھے اَبدی جلال کے ساتھ حاصل کریں۔
11 یه بات قابلِ اِعتماد ھے که
اگر ھم اُس کے ساتھ مَر گئے،

تو اُس کے ساتھ زندہ بھی ہوں گے؛
12 اگر ہم صبر سے برداشت کرتے رہیں گے تو،
اُس کے ساتھ ہم حُکومت بھی کریں گے۔
اگر ہم اُس کا اِنکار کریں گے تو،
وہ بھی ہمارا اِنکار کرے گا۔
13 اگر ہم بےوفا نکلے،
تو بھی وہ وفادار رہے گا،
کیونکہ وہ خُود اَپنا اِنکار نہیں کر سَکتا۔

## جھُوٹے اُستادوں سے نِمٹنا

14 یہ باتیں خُدا کے مُقدّسین کو یاد دِلاتا رہ۔ اَور خُداوؔند کو حاضِر
جان کر اُنہیں تاکید کر کہ وہ لَفظی تکرار نہ کریں کیونکہ اِس سے کچھ
حاصل نہیں ہوتا بَلکہ سُننے والے برباد ہو جاتے ہیں۔
15 خُود کو خُدا کے سامنے مقبُول اَور اَیسے کام کرنے والے کی
طرح پیش کرنے کی کوشش کر جسے شرمندہ نہ ہونا پڑے، اَورجو
حق کے کلام کو دُرستی سے کام میں لاتا ہو۔
16 لیکن بےہُودہ بکواس سے پرہیز کر، کیونکہ جو لوگ اِس میں
شامل ہوتے ہیں وہ اَور بھی زِیادہ بے دینی میں ترقّی کریں گے۔
17 اَور اُن کی تعلیم سرطان* کی طرح پھیل جائے گی۔ ہِمنیُسؔ اَور
فِلیتُسؔ اُن ہی میں سے ہیں۔

* 2:17 سرطان یہ پھوڑا جو بہت تیز رفتاری سے بڑھتا ہے

18 جو یہ کہتے ہیں کہ قیامت آ چُکی ہے اَور یُوں وہ خُود حق سے
گُمراہ ہوکر بعض لوگوں کا ایمان بِگاڑ رہے ہیں۔
19 تو بھی خُدا کی مضبُوط بُنیاد قائِم رہتی ہے اَور اُس پر اِن الفاظ
کی مُہر لگی ہُوئی ہے: ”خُداوؔند اَپنوں کو پہچانتے ہیں،“ اَور ”جو کوئی
خُداوؔند کا نام لیتا ہے وہ ناراستی سے بعض رہے۔“

20 ایک دولتمند گھرانے میں نہ صِرف سونے چاندی کے برتن ہوتے
ہیں، بَلکہ، لکڑی اَور مٹّی کے بھی ہوتے ہیں؛ بعض خاص، خاص
مَوقعوں کے لِئے اَور بعض روزانہ اِستعمال کے لِئے۔
21 پس اگر کوئی اَپنے آپ کو اِن بےہُودہ باتوں سے پاک صَاف
رکھے گا تو وہ مخصُوص برتن بنے گا، اَور اَپنے مالک کے لِئے مفید اَور
ہر نیک کام کے لِئے تیّار ہوگا۔

22 جَوانی کی بُری خواھشوں سے بھاگ۔ اَورجو لوگ پاک دِل سے
خُداوؔند سے دعا کرتے ہیں اُن کے ساتھ مِل کر راستبازی، ایمان، مَحَبّت
اَور صُلح کا طالب ہو۔
23 بےوقُوفی اَور نادانی والی بحثوں سے الگ رہ کیونکہ تُو جانتا ہے
کہ اِن سے جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔
24 اَور خُداوؔند کا خادِم فسادی نہ ہو بَلکہ وہ سَب کے ساتھ نرمی
سے پیش آئے، اَور تعلیم دینے کے لائق ہو، اَور نااِنصافی کی حالات
میں بھی صبر سے کام لے۔
25 اَپنے مُخالفوں کو حلیمی سے سمجھائے۔ ممکن ہے کہ خُدا اُنہیں
تَوبہ کرنے کی تَوفیق دے اَور وہ حق کو پہچانیں،

26 اَور ھوش میں آئیں اَور شیطان کے پھندے اَور قَید سے چھُوٹ
جائیں تا کہ شیطان کی نہیں بَلکہ خُدا کی مرضی پُوری کرنے کے لِئے
تابع ھو جائیں۔

# 3

1 لیکن یہ بات جان لے کہ آخِری زمانہ میں ھَولناک دِن آئیں گے۔
2 لوگ خُود غرض، زَر دوست، شیخی باز، مغرُور، بدگو، ماں باپ
کے نافرمان، ناشُکرے، ناپاک،
3 مَحَبّت سے خالی، مُعاف نہ کرنے والے، تہمت لگانے والے، بے
ضَبط، وحشی، نیکی کے دُشمن،
4 غدّار، بے حیا، مغرُور، خُدا کی نِسبت عیش و عشرت کو زِیادہ
پسند کرنے والے ھوں گے۔
5 وہ بظاھر خُداپرست زندگی تو گُزاریں گے لیکن حقیقی خُداپرست
زندگی کی قُوّت کا اِنکار کریں گے۔ اَیسے اِنسانوں سے کَنارہ کرنا۔
6 اِن ھی میں سے بعض اَیسے بھی ھیں جو گھروں میں دبے پاؤں
گھُس آتے ھیں اَور احمق اَور چھچھوری عورتوں کو اَپنے قبضہ میں
کرلیتے ھیں جو گُناھوں میں دبی ھوتی ھیں اَور ھر طرح کی بُری خواھشوں
کا شِکار بنی رھتی ھیں۔
7 یہ عورتیں ھر وقت تعلیم تو پاتی رھتی ھیں مگر حق کی پہچان تک
کبھی نہیں پہُنچ سکتیں۔
8 جِس طرح ینّیسؔ اَور یمبریسؔ نے حضرت مَوشہ کی مُخالفت کی
تھی اُسی طرح یہ لوگ بھی حق کی مُخالفت کرتے ھیں۔ اِن کی عقل
بِگڑی ھُوئی ہے اَور یہ ایمان کے اِعتبار سے نامقبُول ھیں۔

9 لیکن یہ سَب زِیادہ وقت تک نہیں چلے گا، کیونکہ اِن کی حماقت
سَب آدمیوں پر ظاہر ہو جائے گی۔

## تِیمُتھِیُس کو پولُسؔ کی آخری ہدایت

10 لیکن تِیمُتھِیُس میری تعلیم، چال چلن اَور زندگی کے مقصد سے
خُوب واقف ہے۔ تُم میرے ایمان، تحمُّل، مَحَبّت اَور میرے صبر کو
جانتے ہو۔
11 تُمھیں مَعلُوم ہے کہ مُجھے کِس طرح ستایا گیا اَور مَیں نے کیا کیا
مُصیبتیں اُٹھائیں یعنی وہ مُصیبتیں جو انطاکِیہؔ، اِکُنِیُم اَور لُسترہؔ شہروں
میں، مُجھ پر آ پڑی تھیں۔ مگر خُداوؔند نے مُجھے اُن سَب مُصیبتوں سے
رِہائی بخشی۔
12 دراصل جتنے لوگ المسیح یِسوعؔ میں دیندار زندگی گزارنا چاہتے
ہیں وہ سَب ستائے جائیں گے۔
13 لیکن بدکار، دغاباز لوگ فریب دیتے اَور فریب کھاتے ہُوئے
بگڑتے چلے جائیں گے۔
14 لیکن تُو اُن باتوں پر قائِم رہ جو تُونے سیکھی ہیں اَور جِن کا تُجھے
پُورا یقین ہے، کیونکہ تُجھے مَعلُوم ہے کہ تُونے اُن باتوں کو کِس سے
سیکھا ہے۔
15 اَور کِس طرح تُم بچپن سے اُن مُقدّس صحیفوں سے واقف ہو جو
تُمھیں وہ عِرفان بخشتی ہیں جِس سے المسیح یِسوعؔ پر ایمان لانے سے
نَجات حاصل ہوتی ہے۔
16 کیونکہ ہر صحیفہ جو خُدا کے اِلہام سے وُجُود میں آیا ہے، وہ
تعلیم دینے، تنبیہ کرنے، اِصلاح اَور راستبازی میں تربّیت دینے کے لیٔے

مفید ہے،
17 تا کہ خُدا کا خادِم پُوری طرح سے قابل بنے اَور ہر نیک کام کے
لِئے بالکُل تیّار ہو جائے۔

# 4

1 مَیں خُداتعالیٰ اَور المسیح یِسوعؔ کی حُضُوری میں، جو زندوں اَور
مُردوں کی عدالت کرے گا اَور حُضُور کی دُوسری آمد اَور اُن کی
بادشاہی ظاہر ہونے کی یاد دِلا کر تُجھے تاکید کرتا ہُوں:
2 کلام کی مُنادی کر؛ وقت بے وقت تیّار رہ؛ بڑے صبر اَور تعلیم
کے ساتھ لوگوں کو سمجھا، ملامت اَور اُن کی حوصلہ اَفزائی کر۔
3 کیونکہ ایک اَیسا وقت آئے گا جَب لوگ صحیح تعلیم کو برداشت
نہیں کریں گے بَلکہ اَپنی خواہشوں کے مُطابق اَپنے بہت سے اُستاد بنا
لیں گے جو اُنہیں صِرف اُن کے کانوں کو اَچھّا لگنے والی تعلیم دیں گے۔
4 اَور وہ اَپنے کانوں کو حق کی طرف سے پھیر کر جھُوٹے قصّے
کہانیوں کی طرف مُتوجّہ ہوں گے۔
5 مگر تُو ہر حالت میں ہوشیار رہ، دُکھ اُٹھا، مُبشِّر کا کام اَنجام دے
اَور اَپنی خدمت کو پُورا کر۔
6 کیونکہ اَب مَیں نذر کی قُربانی کی طرح اُنڈیلا جا رہا ہُوں اَور
میرے اِس دُنیا سے جانے کا وقت آ پہُنچا ہے۔
7 میں اَچھّی کُشتی لڑ چُکا ہوں۔ مَیں نے دَوڑ کو ختم کر لیا ہے
اَور مَیں نے اَپنے ایمان کو محفوظ رکھا ہے۔

8 مُستقبِل میں میرے لِئے راستبازی کا وہ تاج رکھا ہُوا ہے، جو
عادل اَور مُنصِف خُداوؔند مُجھے اَپنے دوبارہ آمد کے دِن عطا فرمائے
گا۔ اَور نہ صِرف مُجھے بَلکہ اُن سَب کو بھی جو خُداوؔند کی آمد کے
آرزُومند ہیں۔

## کُچھ شخصی ہدایات

9 میرے پاس جلد پہُنچنے کی کوشش کر۔
10 کیونکہ دیماسؔ نے دُنیا کی مَحَبّت میں پھنس کر مُجھے چھوڑ دیا اَور
تِھسلُنِیکے شہر کو چلا گیا۔ اَور کرِیسکِنس صُوبہ گَلتِیّہ کو اَور طِطُسؔ
صُوبہ دلمتیہؔ کو چلا گیا ہے۔
11 صِرف لُوقا میرے پاس ہے۔ تو مرقُسؔ کو ساتھ لے کر چلا آ
کیونکہ وہ اِس خدمت میں میرے بڑے کام کا ہے۔
12 تُخِکسؔ کو مَیں نے اِفِسُسؔ شہر بھیج دیا ہے۔
13 جَب تُو آئے تو اَپنے ساتھ وہ چوغہ اَور طُومار* خاص طور پر
چمڑے کے نوشتے جو میں تروآسؔ میں کرپُسؔ کے یہاں چھوڑ آیاتھا، اَپنے
ساتھ لیتے آنا۔
14 سِکندرؔ ٹھٹھیرے نے مُجھے بہت نُقصان پہُنچایا ہے۔ خُداوؔند اُسے
اُس کے کاموں کا بدلہ دے گا۔
15 تُو بھی اُس سے خبردار رہنا کیونکہ اُس نے ہماری باتوں کی سخت
مُخالفت کی تھی۔

* **4:13** طُومار تحریروں کا مجموعہ

16 عدالت میں میری پہلی پیشی کے وقت کسی نے میرا ساتھ نہیں
دیا بَلکه سَب نے مُجھے چھوڑ دیا تھا۔ کاش خُدا اُن سے اُس کا جَواب
طلب نه کرے!
17 مگر خُداوَند میرا مددگار ھُوا۔ اَور خُداوَند نے مُجھے قُوّت بخشی
تا که میرے ذریعه پیغام کی پُوری طرح سے مُنادی کی جائے تا که سَب
غَیریہُودی اُسے سُن سکیں۔ ساتھ ھی میں بھُوکے شیروں کے مُنه سے
بھی چھُڑایا گیا۔
18 اَور خُداوَند مُجھے ھر بدی کے حمله سے بچائے گا اَور سلامتی کے
ساتھ اَپنی آسمانی بادشاھی میں پہُنچائے گا۔ خُدا کی تمجید همیشه تک
ھوتی رہے۔ آمین۔

## آخِری سلام

19 پرسکِلّہَ اَکوِلہَ اَور اُنیسفُرس کے خاندان سے میرا سلام کہنا۔

20 اِراستُسؔ، کُرِنتھُسؔ شہر میں رُک گیا اَور تُرفُمسؔ کی بیماری کی
وجه سے مُجھے اُسے بندرگاہ شہر میلِیتُسؔ میں چھوڑنا پڑا۔
21 سردی کے موسم سے پہلے میرے پاس پہُنچنے کی کوشش کر۔

یُوبُولُسؔ، پُودینُسؔ، لینُسؔ، کلَودیہؔ اَور سَب مُومِن بھائی بہن تُجھے
سلام کہتے ھیں۔

22 خُداوَند تیری رُوح کے ساتھ رہے۔ تُم سَب پر خُدا کا فضل ھوتا
رہے۔

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
حق اِشاعت © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https://creativecommons.org/licenses/by-sa/4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
حق اِشاعت © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" ریاست اَور متحدہ ھائے کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی کےذریعہ Biblica Inc
جاتاہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دَفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f